معصومین علیہ السلام

# جمادی الثانی

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا (۵۹) *(Sura Nisa 4:59)*

اے ایمان والو حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا اور ان کا جو تم میں حکومت والے ہیں پھر اگر تم میں کسی بات کا جھگڑا اٹھے تو اُسے اللہ ورسول کے حضور رجوع کرو اگر اللہ و قیامت پر ایمان رکھتے ہو یہ بہتر ہے اور اس کا انجام سب سے اچھا۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَ حُسْنُ مَاٰبٍ (۲۹)

(سورۃ الرعد)

وہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے ان کو خوشی ہے اور اچھا انجام

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا (۹) (سورۃ الشمس)

بے شک مراد کو پہنچا جس نے اسے ستھرا کیا

قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ (سورۃ الکھف 74)

کیا آپ نے ایک بے گناہ کو بغیر قصاص کے مار ڈالا۔

اس مہینہ کی تیسری تاریخ سیّدہ عالم جناب فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہا کی وفات اسی مہینہ کی بیسویں تاریخ بی بی سیّدہ فاطمۃ الزہرا کی ولادت باسعادت ہے۔ لہذا مومنین کا ایمانی فریضہ ہے کہ تیسری تاریخ کو اُنکے مراسم تعزیت بجا لائیں۔ اور آپؑ کے مصائب ذکر کرکے اظہارِ غم کریں۔ اور آپؑ کے دشمنوں پر لعنت کریں اور بیسویں تاریخ کو خوشی کریں۔ اس نعمت کے شکریہ میں روزہ رکھیں صدقہ دیں، اعمالِ خیر بجا لائیں۔ اور ان دونوں تاریخوں میں آل معصومہ کی زیارت پڑھیں۔ یہ زیارت مختصر اور معتبر ہے۔ اور ہر وقت پڑھی جاسکتی ہے۔

## جنابِ سیّدہ کے نام مبارک

| | | | |
|---|---|---|---|
| فاطمه | زهرة | بتول | سيدة |
| زهرة | مهاجرة | دانية | زاهدة |
| عابدة | مخدرة | ولية | معصومة |
| تقية | لفية | زكية | مستورة |
| محروسة | مصلية | قائمة | راكعة |
| ساجدة | شاهدة | طاهرة | صائمة |
| صالحة | صائبة | رضية | مرضية |

## بی بی سیّدہ فاطمۃ الزہرا نے فرمایا

ہم جس چیز کا حکم دیتے ہیں اگر اس پر عمل کرتے ہو اور جس چیز سے روکتے ہیں اس سے پرہیز کرتے ہو تو ہمارے شیعہ ہو ورنہ ہرگز نہیں

## جمادی الثانی میں ہونے والے اہم واقعات

- ۳ جمادی الثانی ۱۱ ہجری: شہادت سیّدہ فاطمہ زہرہؑ
- ۱۰ جمادی الثانی ۳ ہجری: شہادت حضرت جعفر طیارؑ
- ۱۰ جمادی الثانی ۳ ہجری: جنگ موتا
- ۱۹ جمادی الثانی: پیغمبر ﷺ کے والدین کی شادی
- ۱۳ جمادی الثانی: حضرت ام البنینؑ کی شہادت (والدہ حضرت عباسؑ علمدار)
- ۲۰ جمادی الثانی: ولادت بی بی سیّدہ فاطمۃ الزہرا
- ۲۱ جمادی الثانی ۶۱ ہجری: شہادات بی بی ام الکلثومؑ
- ۲۳ جمادی الثانی: نبی یعقوب کی ولادت
- ۲۶ جمادی الثانی: شہادت امام ہادیؑ (ایک روایت)
- ۲۷ جمادی الثانی: محدث نوری۔ شیخ عباس قمی کے استاد کی موت



**زیارت حضرت فاطمہ**

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ رَسُولِ اللهِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ نَبِیِّ اللهِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ حَبِیبِ اللهِ

آپ پر سلام ہو اے رسول خدا (ص) کی دختر آپ پر سلام ہو اے اللہ کے نبی(ص) کی بیٹی آپ پر سلام ہو اے اللہ کے حبیب کی دختر

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ خَلِیلِ اللهِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ صَفِیِّ اللهِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ أَمِینِ اللهِ

آپ پر سلام ہو اے خدا کے خلیل کی دختر آپ پر سلام ہو اے خدا کے برگزیدہ کی دختر آپ پر سلام ہو اے امین اللہ کی دختر

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ خَیْرِ خَلْقِ اللهِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ أَفْضَلِ أَنْبِیاءِ اللهِ وَرُسُلِهِ وَمَلاَئِکَتِهِ

آپ پر سلام ہو اے مخلوق خدا میں سے بہترین کی دختر آپ پر سلام ہو اے نبیوں رسولوں اور فرشتوں سے برتر ہستی کی دختر

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا بِنْتَ خَیْرِ الْبَرِیَّةِ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا سَیِّدَةَ نِساءِ الْعالَمِینَ مِنَ الْاَوَّلِینَ وَالْآخِرِینَ

آپ پر سلام ہو اے بہترین مخلوق کی دختر آپ پر سلام ہو اے جہان میں ﴿اولین و آخرین﴾ سبھی عورتوں کی سیدہ و سردار

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا زَوْجَةَ وَلِیِّ اللهِ وَخَیْرِ الْخَلْقِ بَعْدَ رَسُولِ اللهِ

آپ پر سلام ہو اے خدا کے ولی کی زوجہ جو رسول(ص) کے بعد ساری مخلوق میں بہترین ہیں

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکِ یَا أُمَّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ سَیِّدَیْ شَبابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

آپ پر سلام ہو اے حسن(ع) و حسین(ع) کی والدہ جو جنت کے جوانوں کے سردار ہیں

سید ابن طاؤس نے چار رکعت نماز کی تاکید کی ہے۔ انکو دو۔دو رکعت کر کے جمادی الآخر میں کبھی بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جو بھی اس اعمال کو پورا کریگا اسے اسکی زندگی کی امانت، دولت اور خاندان کی سلامتی ملیگی۔ اگر اسے موت آجاتی ہے تو اسے شہادت کا درجہ ملے گا۔

طریقہ: چار رکعت نماز ایسے پڑھیں ۲۔۲ رکعت کر کے جیسے نیچے لکھا ہے:

پہلی رکعت: الحمد فاتحہ کی سورہ کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور ۲۵ بار سورہ القدر پڑھیں۔

دوسری رکعت: الحمد فاتحہ کی سورہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ التکاثر پڑھیں اور پھر ۲۵ بار سورۃ الاخلاص پڑھیں اب سلام پھریں اور اسکے بعد آخر کی دو رکعت کے لئے کھڑے ہو جائیں۔

**تیسری رکعت:** الحمد فاتحہ کی سورہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ الکافرون پڑھیں اور پھر ۲۵ مرتبہ سورۃ الفلق کی تلاوت کریں۔

**چوتھی رکعت:** الحمد فاتحہ کی سورہ کے بعد سورۃ النصر کی تلاوت کریں اور پھر ۲۵ مرتبہ سورۃ الناس پڑھیں۔

نماز کے بعد نیچے لکھی تسبیحات کو پڑھیں۔

**۷۰ مرتبہ تسبیح الاربع پڑھیں**

سُبْحَانَ اللهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَ اللّٰهُ أَكْبَرُ

**۷۰ مرتبہ صلوات پڑھیں**

للّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍا

**پھر تین مرتبہ پڑھیں**

اللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِینَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ

**سجدہ میں جائیں اور پڑھیں**

یَا حَيُّ یَا قَیُّومُ یَا ذَا الْجَلاَلِ وَ الْإِكْرَامِ یَا اللهُ یَا رَحْمَانُ یَا رَحِیمُ یَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ

سُبْحَانَ اللهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَ اللّٰهُ أَكْبَرُ

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ

**قول بی بی فاطمہ زہراؑ**

- خداوند عالم نے صلہ رحم کو سبب بلندی و طول عمر قرار دیا ہے۔

(اعیان الشیعہ، ج۱، ص۳۱۶)

- تکبر کی گندگی کو دل سے دور کرنے کا بہترین وسیلہ نماز ہے۔

اعیان الشیعہ طبع جدید ج۱، ص۳۱۶

## تیسری جمادی الثانی کا دن

ایک قول کی بنا پر (گیارہ)۱۱ھ میں اس دن جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی شہادت ہوئی، لہذا شیعہ مسلمانوں کو اس دن ان بی بی سلام اللہ علیہا کی صف ماتم بچھانا اور آپ کی زیارت پڑھنا چاہیے، نیز آپ پر ظلم کرنے والوں اور آپ کا حق غصب کرنے والوں پر نفرین کرنا چاہیے۔ سید ابن طاؤس نے کتاب اقبال میں آج کے دن ان محرومہ و مغمومہ بی بی کی زیارت یوں نقل فرمائی ہے:

اَلسَّلامُ عَلَیْکِ یَا سَیِّدَةَ نِساءِ الْعالَمِینَ، اَلسَّلامُ عَلَیْکِ یَا والِدَةَ الْحُجَجِ عَلَی النَّاسِ أَجْمَعِینَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکِ أَیَّتُهَا الْمَظْلُومَةُ الْمَمْنُوعَةُ حَقَّها

سلام ہو آپؑ پر اے جہانوں کی عورتوں کی سردار سلام ہو آپؑ پر اے ان کی والدہ جو لوگوں پر خدا کی حجتیں ہیں سلام ہو آپؑ پر اے وہ مظلومہ جس کا حق چھین لیا گیا

پھر یہ کہو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی أَمَتِکَ وَابْنَةِ نَبِیِّکَ وَ زَوجَةِ وَصِیِّ نَبِیِّکَ صَلَاةً تُزْلِفُها فَوْقَ زُلْفَی عِبادِکَ الْمُکَرَّمِینَ مِنْ أَهْلِ السَّماواتِ وَأَهْلِ الْأَرَضِینَ

اے معبود! رحمت نازل فرما اپنی کنیز اپنے نبی کی دختر اور اپنے نبی کے وصیؑ کی شریکہ حیات پر ایسی رحمت جو نزدیک کرے اسکو بڑھ کر تیری عزت والے بندوں کی نسبت جو آسمانوں میں رہنے والے اور زمین میں بسنے والے ہیں۔

روایت میں آیا ہے کہ آج جو شخص جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی یہ زیارت پڑھے اور اپنے گناہوں کی معافی کا طالب ہو تو خدائے تعالیٰ اس کے گناہ بخش دے گا اور اس کو جنت میں داخل کرے گا۔ مؤلف کہتے ہیں کہ سید ابن طاؤسؒ کے فرزند نے بھی اس زیارت کو زوائد الفوائد میں درج کیا اور کہا ہے کہ یہ زیارت جناب زہرا سلام اللہ علیہا کے یوم وفات کے لئے خاص ہے کہ جو تیسری جمادی الثانی کو ہوئی تھی۔

## بیسویں جمادی الثانی کا دن

اس دن جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی ولادت باسعادت ہوئی اور اس کے چند عمل ہیں:

۱) روزہ رکھنا۔

۲) محتاج مومنین کو صدقہ و خیرات دینا۔

۳) جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی زیارت پڑھنا آپ کی زیارت کی کیفیت باب زیارات میں آئے گی۔

## نیازوں صدقہ خیرات کیلئے رابطہ کریں

اگر آپ کو صدقہ، خیرات، نیاز امام ضامن نیابت کی زیارت کروانی ہوں تو ہم سے رابطہ کریں۔

WA: +1-639-994-8836

Email:masoomeen914@gmail.com

## خدا کے نزدیک حضرت فاطمہؑ کا ایک نام طاہرہ ہے

صاحب مقائس اللغلۃ لکھتے ہیں کہ طہر، پاکیزگی اور آلودگی کے زائل ہونے کو کہتے ہیں۔ اور صاحب تحقیق فرماتے ہیں کہ یہ کلمہ نجس و قذر کے مقابلے میں استعمال ہوتا ہے اور یہ کلمہ طہر عام ہے، طہارت مادیّہ و معنویہ کو شامل ہے پس طاہرہ یعنی پاک و پاکیزہ خاتون

## زیارت جامعہ کبیرہ میں جو امام تقیؑ سے نقل ہے:

آپؑ کو خدا نے لغزشوں سے معصوم اور فتنوں سے محفوظ اور بے اخلاق سے پاک و پاکیزہ رکھا اور آپ سے رجس کو دور رکھا اور آپ کو ایسا پاک و پاکیزہ رکھا جو پاکیزگی کا حق ہے۔

## امام محمد باقرؑ سے روایت ہے کہ:

حضرت فاطمہ زہراؑ کو طاہرہ اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ ہر طرح کی پلیدی اور زنانہ عوارض و عادات سے پاک تھیں۔ انہوں نے ایک بھی دن نہ کبھی خون حیض دیکھا اور نہ کبھی خون نفاس دیکھا۔



DOWNLOAD PLAYSTORE
MASOOMEEN (AS)- SHIA COMMUNITY
@MASOOMEENAS.SHIA
WWW.MASOOMEENAS.COM